# ٹاؤن میونسپل کارپوریشن (گلبرگ)

## محکمہ (اطلاعات)

مورخہ 07 فروری 2025

---

## پریس ریلیز

**چیرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ کا ٹاؤن آفس میں ہفتہ وار میٹنگ کا انعقاد۔**

**ا اس میٹنگ کا مقصد ہفتے میں ہونے والے کاموں کا جائزہ لیا جاسکے اوران میں مزید بہتری کی گنجائش ہوتو اسے بھی پورا کیا جاسکے۔**

**شب برات کے موقع پرٹاؤن انتظامیہ کی جانب سے قبرستانوں کا اطراف کیمپ لگائے جائیں گے۔نصرت اللہ**

مورخہ:۔07 فروری 2025

کراچی ()¤ چیرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ کا ٹاؤن آفس میں ہفتہ وار میٹنگ کا انعقاد اس موقع پر ان کے ہمراہ میونسپل کمشنر عبدالحمید سہاگ وائس چیئرمین محمد الیاس یوسی 8 کے چیئرمین فاروق نعمت اللہ بھی موجود تھے تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس نے اپنی ہفتہ وار کارکردگی پیش کی اور کاموں کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور بالخصوص شب برات کے موقع پر قبرستانوں کے اطراف صفائی ستھرائی، روشنی کے انتظامات، سڑکوں کی پیوندکاری، جھاڑیوں کی چٹائی کے کاموں کا جائزہ لیا اس موقع پر چیئرمین نصرت اللہ نے کہا کہ اس میٹنگ کا مقصد ہفتے میں ہونے والے کاموں کا جائزہ لیا جاسکے اوران میں مزید بہتری کی گنجائش ہوتو اسے بھی پورا کیا جاسکے بالخصوص شب برات کے موقع پر ٹاؤن انتظامیہ کی جانب سے قبرستانوں کا اطراف کیمپ لگائے جائیں گے اور ان پہ آنے والے زائرین کے لیے پانی اور چائے کا بھی انتظام ہوگا اور گلبرگ ٹاؤن کا یہ خاصہ رہا ہے کہ یہاں پہ تمام کاموں کو باہمی مشاورت کے ذریعے کیا جاتا ہے تاکہ عوام کے لیے بہتر سے بہتر سہولیات میسر کی جاسکیں اور ہماری کوشش ہے کہ عوام کو ان کے بنیادی حقوق ان کی دہلیز پہ میسر کیے جاسکیں اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمن محمد علی، ڈائریکٹر کونسل سلیم صدیقی، ڈائریکٹر پارک محمد ندیم حنیف، ڈائریکٹر سینیٹیشن وقار احمد، ڈائریکٹر ٹیکسز عارفین زمان، XEN بی اینڈ آر محمد سہیل، XEN ایم این ای محمد یاور، ڈائریکٹر لائبریری شیراز حسن اور دیگر بلدیاتی افسران بھی موجود تھے۔

انچارج انفارمیشن

گلبرگ ٹاؤن